آوازِ حق بلند کرنے پر

علماءِ اہلسنت

کی توہین و تنقیص کیوں؟

از قلم

محمد عمر فاروق قادری رَضَوِی جلالی

(بانی و سربراہ جلالی رَضَوِی فاؤنڈیشن)

نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم و علی آلہ و اصحابہ اجمعین

اما بعد! اللہ جل جلالہ نے ہر دور میں لوگوں کی رہنمائی کے لیے اپنے محبوب بندوں کا انتخاب فرمایا جنھوں نے لوگوں کو بھلائی کا حکم دیا اور برائی سے روکا. اولاً رب ذوالجلال نے اس فریضہ کے لیے اپنے نبیوں اور رسولوں کا انتخاب فرمایا. ہمارے نبی کریم ﷺ کے بعد کوئی نبی نہ آیا ہے نہ آئے گا تو رب ذوالجلال نے اس فریضہ کے لیے امت مسلمہ کے علماء کا انتخاب فرمایا کہ وہ لوگوں کی راہنمائی کریں. بحمدہٖ تعالیٰ ہر دور میں علماء نے اس فریضہ کو بطریق احسن سرانجام دیا اور دے رہے ہیں. جہاں اسلام کے شعائر کا ادب و احترام لازم ہے وہیں امت مسلمہ کے ان ہیروز جنہیں علماء کہا جاتا ہے ان کا ادب و احترام بھی امت کے ہر فرد پر لازم ہے چاہے کوئی چوں کرے یا چاں کرے. شریعت نے جب عالم دین کو عزت و مرتبہ عطا فرمایا ہے تو اب کسی فرد کو یہ اجازت نہیں کہ وہ عالم حق کی بلاوجہ توہین و تنقیص کرے. لیکن کچھ اندھ بخت لوگوں نے اسے اپنا دین سمجھ لیا ہے معاذاللہ رب العالمین . یہ قرب قیامت کی نشانی ہے کہ دین اسلام کے ہیروز کے لیے گندی زبان استعمال کرنا ان کی توہین و تنقیص کرنا لوگوں کو دین لگنے لگا ہے یہ جہالت کی انتہاء ہے. اس طرح کی جو گھناؤنی حرکات و سکنات کرنے والے ہیں وہ شاید اس کے انجام سے ناواقف ہیں

JALALI RAZAVI FOUNDATION

اگر کسی کا لیڈر تعلیماتِ اسلام سے ناواقف ہے اور وہ اکابرین دین کی تعلیمات و عمل کے خلاف عمل کرتا ہے تو اس کی قیادت میں چلنے والا پورا گروہ اس کے اس غلط عمل پر داد دے رہا ہوتا ہے العیاذ باللہ تعالیٰ اور جو عالم اس لیڈر کی اصلاح کرے تو اس لیڈر کی تیار کردہ فوج ٹرالیاں بھر گالیاں دے کر اس عالم کی توہین و تنقیص کر کے عذابِ الٰہی کو دعوت دیتی ہے. چلو پہلے تو کچھ بھٹکے ہوئے لوگ تھے مگر اب خود کو رضوی کہنے کہلوانے والے بھی اس مرض میں مبتلا ہو چکے ہیں یاد رہے کہ نام کے ساتھ رضوی لکھ دینے سے کوئی رضوی بن نہیں جاتا اس کے لیے تعلیماتِ رضویہ پر عمل کرنا ضروری ہے. علماء حق اہلسنت کی توہین و تنقیص ہرگز رضویوں کے امام مجدد اعظم سیدی اعلیٰ حضرت الشاہ امام احمد رضا خان قادری قدس سرہ العزیز کی تعلیم نہیں ہے بلکہ سیدی اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز نے اس کی تردید فرمائی ہے. علماء اسلام کی شان و عظمت تو خود رب ذوالجلال نے بیان فرمائی ہے. اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے.

انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء

اللہ کے بندوں میں اللہ سے ڈرنے والے علماء ہیں.

علماء کے متقی ہونے پر رب ذوالجلال نے مہر لگا دی ہے کہ معاشرے کے متقی حضرات علماء ہیں جن سے عوام الناس تقویٰ کی خیرات لیتی ہے لیکن یاد رکھیں علماء کا بے ادب تقویٰ سے محروم رہتا ہے جب تقویٰ سے محروم ہوتا ہے تو گناہوں کی دلدل میں پھنس جاتا ہے. یوں ہی بعض اکابرین نے کہا کہ علماء ہی عوام کے لئے تقوی تک پہنچنے کا وسیلہ ہیں کہ فرامین خداوندی و فرامین مصطفیٰ ﷺ سنا کر عوام الناس کو عذابِ الٰہی سے ڈراتے ہیں اور شریعت پر چلنے کی تلقین کرتے ہیں. علماء کرام کی شان میں کیا بیان کروں میرے کریم آقا ﷺ فرماتے ہیں.

ان مثل العلماء فی الارض کمثل النجوم فی السماء یهتدی بها فی ظلمات البر و البحر فأذا انطمست النجوم اوشک ان تضل الهداة

(مسند احمد بن حنبل، انس بن مالک، حدیث نمبر 12600)

بیشک زمین پر علماء کی مثال ان ستاروں جیسی ہے جن سے کائنات کی تاریکیوں میں راہنمائی حاصل کی جاتی ہے تو جب ستارے ماند پڑ جائیں گے تو قریب ہے کہ ہدایت یافتہ لوگ گمراہ ہو جائیں.

کتنا ہی بدبخت ہے وہ شخص جس نے ان اھل اللہ کو ان کی حیات میں پایا اور ان کی تعظیم و توقیر سے منہ پھیر لیا اور ان سے دینی نفع حاصل کرنے سے محروم رہا.

اور وہ شخص جس نے ان نائبین و وارثین انبیاء علھم السلام کی صحبت سے کسی کو دور کیا. یاد رکھیں کہ علماء کی صحبت سے دور ہونے والا شخص عنقریب گمراہ و بے دین ہو جاتا ہے. یہی وجہ ہے کہ ملحدین گمراہ و بدمذہب ہیں کہ وہ علماء اسلام کے خلاف ہیں اور ان نفوس قدسیہ کی محبت سے محروم ہیں. خدارا علماء اہلسنت کی قدر کیجئے اگرچہ فقیر کو بھی بعض سے حق بیانی سے سکوت اختیار کرنے کی وجہ سے شکوہ ہے لیکن دل میں ان کا احترام ابھی بھی باقی ہے اور یہ احترام ان کے صحیح العقیدہ سنی عالم ہونے کی وجہ سے ہے. اور یہی ہمارے امام مجدد اعظم اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز کی تعلیمات ہیں. اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز علماء کی توہین کے متعلق فرماتے ہیں. سخت حرام سخت گناہ اشد کبیرہ عالم دین سنی صحیح العقیدہ کہ لوگوں کو حق کی طرف بلائے اور حق بتائے محمد رسول اللہ ﷺ کا نائب ہے اس کی تحقیر معاذاللہ محمد رسول اللہ ﷺ کی توہین ہے اور محمد رسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخی موجب لعنتِ الٰہی و عذاب الیم ہے.

(فتاویٰ رضویہ، جلد 23، ص 50، رضا فاؤنڈیشن)

JALALI RAZAVI FOUNDATION

شکوہ تو ان نامنہاد رضویوں سے ہے جو خود کو سیدی اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز کی طرف منسوب بھی کرتے ہیں اور علماء حق کو منہ بھر کے گالیاں بھی دیتے ہیں. ابھی حالیہ دنوں میں مرکز اہلسنت بریلی شریف کی ایک عظیم علمی شخصیت استاذ العلماء

حضرت مفتی محمد شہزاد عالم مصباحی رضوی صاحب زید شرفہ جامعۃ الرضا بریلی شریف

نے ایک پارٹی کے لیڈر کی اصلاح فرمائی تو اس کے جاہل محبین و مریدین نے تو جو کہا سو کہا لیکن صاحب تو خود مفتی کہلوانے والے بھی اس کارخیر میں شامل تھے مفتی مشاہد حسین رضوی ان جناب نے تو معاذاللہ رب العالمین مرکز اہلسنت بریلی شریف کی اس عظیم ہستی کو گدھا کہ کر صریح توہین کی بنا یہ سمجھے کہ حق و صواب کیا ہے؟ خود کو رضوی کہہ اور کہلوا کر علماء کی توہین کرنے والوں! جن کی نسبت رضوی کہلواتے ہو ان کی تعلیمات بھی پڑھ لیا کرو. سیدی اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں.

من ابغض عالما من غیر سبب ظاہر خیف علیہ الکفر

جو بغیر سبب ظاہری کسی عالم دین سے بغض رکھے اس پر کفر کا اندیشہ ہے

اب یہاں پر یہ واضح کر دوں کہ سبب ظاہری سے مراد سبب ظاہری شرعی ہے. ہرگز یہ نہیں کہ اس کے لیڈر کو پسند نہ آنا سبب ظاہری ہے. اب واضح ہو گیا کہ بغیر سبب شرعی کسی عالم کی توہین کرنا تو دور اس کے لیے دل میں ذرا سی برائی رکھنا بھی عذابِ الٰہی کو دعوت دینے کے مترادف ہے.

جو لوگ تعلیماتِ اعلیٰ حضرت سے ناواقف ہیں ایسے لوگ ہی زیادہ تر ان کاموں میں ملّوث ہوتے ہیں. میرے بھولے بھالے سنی بھائیوں! تعلیماتِ مسلکِ اعلیٰ حضرت یہی ہیں کہ علماءِ حق کی تعظیم کریں. اگر آپ علماء سے عوام کو بدظن کریں گے تو عوام بدظن ہو کر علماء سے دور ہو گی اور گمراہی کے رستے چل پڑے گی. یاد رکھیں علماء حق سے عوام کو بدظن کرنا دین سے بدظن کرنا ہے اپنے علماء کی قدر کریں اور خود بھی علماء جڑیں اور اپنے ساتھیوں ک بھی علماء کی بارگاہوں میں حاضر کریں یقیناً اسی میں بھلائی ہے. ایک عالم جس طرح شیطان اور شیطانی قوتوں کا مقابلہ کر سکتا ہے سینکڑوں عابدین نہیں کرسکتے. کہ "فقیہ واحد اشد علی الشیطٰن من الف عابد" اکیلا فقیہ (عالم) ہزار عابدین سے زیادہ شیطان پر سخت ہے. اور بے علم جتنا مرضی بڑا صوفی ہو اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں. "صوفی بے علم مسخرہ شیطان ست" علم سے خالی صوفی شیطان کا مسخرہ ہے. یعنی شیطان جیسے چاہے اس سے کھیل سکتا ہے اس کی وضاحت کرنے کی ضرورت نہیں آج کل کی اکثر خانقاہیں چیخ چیخ کر اس کی گواہی دے رہی ہیں. رب ذوالجلال ہمارے حال پر رحم فرمائے ہمیں علماء کا مودب بن کر ان سے فیض حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے

آمین

چاہتے ہو جہاں میں عزت کرو تم عزت عالم کی
چاہتے ہو اگر رفعت کرو تم عزت عالم کی
عمر قادری کا ہے اہل سنن سے یہ پیغام محبت
چاہیے رب کا فضل اختیار کرو تم صحبت عالم کی

وما علینا الا البلاغ المبین

JALALI RAZAVI
FOUNDATION

فقیر سگِ بارگاہِ رضویہ
محمد عمر فاروق قادری رَضَوِی جلالی غفرلہ
بانی و سربراہ جلالی رَضَوِی فاؤنڈیشن